cfa.vic.gov.au/languages

کیا میں باربی کیو کر سکتا/ سکتی ہوں؟

باربی کیو استعمال کرنے یا باہر کھانا پکانے کے لیے آگ جلانے سے پہلے یہ چیک کریں۔

- **کیا ان دنوں کو آگ کے خطرے کا زمانہ (Fire Danger Period) قرار دیا گیا ہے؟**
- **کیا آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن (Total Fire Ban Day) کا اعلان کیا گیا ہے؟**

سال کے مختلف حصوں میں اور وکٹوریہ میں آپ کی موجودگی کے علاقے کی بنیاد پر کھانا پکانے⋆ کے لیے آگ جلانے کے اصول بدل سکتے ہیں۔

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Periods)

آگ کے خطرے کے زمانے (Fire Danger Period) میں آپ کھانا پکانے کے لیے آگ نہیں جلا سکتے اور نہ ہی باربی کیو استعمال کر سکتے ہیں، سوائے اس کے کہ آپ ان اصولوں پر عمل کر رہے ہوں:

- ضروری ہے کہ ہوا کی رفتار 10 کلومیٹر فی گھنٹا سے کم ہو۔ اگر پتے ہوا سے ادھر ادھر بکھر رہے ہوں تو آگ نہ جلائیں۔
- اگر پتے ہوا سے ادھر ادھر بکھر رہے ہوں تو آگ نہ جلائیں۔
- آگ یا باربی کیو کو کبھی چھوڑ کر نہ جائیں۔ ایک ایسے شخص کو ہر وقت آگ کے پاس موجود رہنا چاہیے جو آگ بجھا سکتا ہو۔
- استعمال کے بعد بار بی کیو کو آف کرنا یا آگ کو مکمل طور پر بجھانا ضروری ہے۔

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن(Total Fire Ban Day)

آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دنوں(Total Fire Ban Days) پر

آپ گیس یا بجلی کی باربی کیو استعمال کر سکتے ہیں لیکن آپ پر لازم ہے کہ

- آپ آگ کے خطرے کے زمانے(Fire Danger Period) والے اصولوں پر ہی عمل کریں اور آگ بجھانے کے لیے پانی پاس رکھیں۔
- آپ کے پاس 10 لیٹر پانی تیار رکھا ہونا چاہیے یا نل سے لگا ہوا پائپ ہونا چاہیے جو استعمال کے لیے تیار ہو۔

آپ ٹھوس ایندھن جیسے لکڑی یا ہیٹ بیڈز استعمال کرتے ہوئے باہر کھانا نہیں پکا سکتے۔

- آگ جلانے پر مکمل پابندی کے دن(Total Fire Ban Day) پر ان باربی کیوز اور آگ کا استعمال منع ہے۔

ایسی اور بھی باتیں ہیں جو آپ کو وکٹوریہ میں کھلی جگہ پر کھانا پکانے کے قانون کے متعلق معلوم ہونی چاہیئں۔

cfa.vic.gov.au/languages دیکھیں۔

⋆کمرشل کیٹررز کے لیے خاص شرائط کا اطلاق ہوتا ہے۔ تفصیلات کے لیے cfa.vic.gov.au/languages دیکھیں۔

مزید معلومات کے لیے کیو آر کوڈ سکین کریں۔

مل کر، ہم آگ سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔